© rasailojaraid.com



## تعارفِ کتب

☆ تدوین قرآن، افادات: مولانا سید مناظر احسن گیلانی۔ ناشر: مکتبہ البخاری، نزد صابری پارک، گلستان کالونی، کراچی۔ صفحات: ۱۳۶۔ قیمت: درج نہیں۔[مولانا مناظر احسن گیلانیؒ کی قرآن مجید کی تدوین کے بارے میں معروف کتاب۔ مولانا کی ۳۰، ۴۰ سالہ فکر و تامل اور تلاش و جستجو کا نچوڑ۔ عرصۂ دراز سے یہ نادر کتاب دستیاب نہ تھی، اب اہتمام کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔]

☆ اسلام میں نجات کا تصور اور عقیدہ شفاعت، مرتب: مولانا خلیل الرحمٰن چشتی۔ ناشر: الفوز اکیڈمی، اسلام آباد۔ صفحات: ۴۸۔ قیمت: ۴۰ روپے۔[اسلام کا تصور شفاعت اور وہ شرائط جن کی روشنی میں اللہ تعالیٰ شفاعت قبول کرتا ہے۔ نجات کے دو اصول: ایک عدل، دوسرا اللہ تعالیٰ کی رحمانیت اور رحیمیت۔ نجات کی اصل بنیاد ایمان اور عملِ صالح ہے، اور اس کی فروعی اساس شفاعت ہے۔ جملہ پہلوؤں پر اللہ تعالیٰ کی اجازت اور اذن کے بغیر شفاعت ممکن نہیں۔ مسئلہ شفاعت کو سمجھنے کے لیے مفید اور کارآمد۔]

☆ ہندو علما و مفکرین کی قرآنی خدمات، وزیر حسن، ترجمہ: اورنگ زیب اعظمی۔ ملنے کا پتا: کتاب سرائے، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۵۵۔ قیمت: ۴۰ روپے۔[ان ہندو علما و مفکرین کی قرآنی خدمات کا ایک مختصر تذکرہ جنھوں نے ہندی زبان میں قرآن مجید کے مکمل یا جزوی ترجمے کیے یا قرآنی تعلیمات پر کتابیں لکھیں۔ قرآن کے ہندی اور سنسکرت تراجم کا تعارف اور دیگر آسمانی کتابوں سے منصفانہ موازنہ۔]

☆ ہم کون ہیں؟ محمد اختر۔ اختر بکس، ۲۶۷-جی بلاک، گلشن راوی، لاہور۔ موبائل: ۰۳۰۰-۹۴۵۰۴۹۸۔ صفحات: ۲۴۷۔ قیمت: ۱۴۵ روپے۔[قرآن کریم کی تعلیمات کو آسان انداز میں اُردو دان طبقے تک پہنچانے کی قابلِ قدر کوشش۔ اس کتاب میں 'مشرک کون'، 'کافر کون'، 'منافق کون'، 'فاسق کون' اور 'مسلمان کون' کے عنوانات کے تحت متعلقہ آیات کو حاشیے کی صورت میں یک جا کر دیا ہے، جب کہ رواں متن میں مذکورہ موضوعات کی عام فہم سلیس تفصیل سے بیان کی ہے۔]

☆ نکتہ درازیاں، ڈاکٹر منصور احمد باجوہ۔ ناشر: ادارہ مطبوعات سلیمانی، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۲۲۵ روپے۔[مختلف موضوعات پر مختصر مگر ادبی چاشنی سے بھرپور، دل چسپ اور شگفتہ نکات، برجستہ جملے اور مشاہیر کے اقوال۔ زندگی کے حقیقی مسائل پر پُرمغز تبصرے اور غور و فکر کا سامان۔]

---

خریداری نمبر کا حوالہ شکایات پر فوری کارروائی یقینی بناتا ہے۔ دفتر سے خط و کتابت میں خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجیے۔ مینیجر

© rasailojaraid.com